باب پنجم زکوٰۃ کے علاوہ رفع احتیاج کی دیگر اسلامی تدابیر۔
باب ششم اسلام میں صدقہ و احسان کی اہمیت۔
باب ہفتم اسلامی نظام معیشت کی کامیابی کے لیے چند ناگزیر شرائط۔

یہ ایک مختصر سی کتاب ہے۔ اگر مختلف اسلامی مدارس میں اساتذہ طلبہ کے لیے اس کے مطالعہ کا موثر انتظام کر دیں تو اسلامی معاشیات کی نوعیت سمجھنے کے لیے طلبہ کو ایک ذہن مل سکتا ہے بلکہ ہماری خواہش ہے کہ تفسیر حدیث اور فقہ کے مختلف ابواب پڑھاتے ہوئے اس سلسلے کے جدید افکار اور ان کے بارے میں مختلف اقوام و ملل کا جو تعامل ہے ساتھ ساتھ ان سے بھی روشناس کرانے کی کوشش کی جایا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ عصر رواں کے عصری تقاضوں اور مسائل کے سلسلے میں وہ دنیا کو اسلامی رہنمائی مہیا کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ ہم جانتے ہیں کہ عربی طلبہ بڑے زرخیز ذہن اور استنباط و اجتہاد کے حامل ملکہ کے مالک ہوتے ہیں۔ اس لیے اگر ان کو جدید لائنوں سے آشنا کرا دیا جائے تو وہ "دور حاضر" میں ایک اجنبی عنصر کی حیثیت سے ایک بے جوڑ اور بے کار عنصر نہیں رہیں گے اسلاف کا یہی طرۂ امتیاز رہا ہے کہ وہ اپنے دور کے عصری مسائل سے کبھی بے تعلق نہیں رہے تھے اس لیے ان کے افکار میں نہ مرعوبیت نظر آئی اور نہ بے خبری بلکہ استاذانہ شان سے ان کا تجزیہ کر کے خلقِ خدا کو اس سلسلے میں اسلامی رہنمائی بھی مہیا کرتے رہے۔ یہ بات آج بھی ہو سکتی ہے۔ بہر حال مندرجہ بالا کتاب قابل مطالعہ ہے ہر پڑھے لکھے آدمی کو چاہیے کہ وہ اس کا ضرور مطالعہ کرے: تاکہ معاشیات کے نام پر سوشلزم کی ذریت کی شاطرانہ چالوں اور وساوس کے فتنہ سے وہ بچ سکیں۔

(۳)

نام کتاب	رجب المرجب کے کونڈوں کی کتاب
مؤلف	مولانا محمود الحسن بدایونی
صفحات	۳۴
قیمت	ایک روپیہ
پتہ	اسلامی اکادمی ناشران و تاجران کتب اردو بازار لاہور

رجب میں کونڈے بھرنے کی رسم عام ہے معروف اور مشہور بھی ہے۔ یہ کیوں اور کیسے پیدا ہوئی ہے۔ مندرجہ بالا کتاب میں اسی کی تفصیل ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ:-

جھوٹی کہانی:- حضرت امام جعفر صادق کے عہد میں مدینہ منورہ میں ایک لکڑہارا رہتا تھا۔ اکثر فاقوں